www.isijournal.net

کد کنترل

210

F

210F

«اگر دانشگاه اصلاح شود مملکت اصلاح می‌شود.»
امام خمینی (ره)

عصر پنج‌شنبه
۹۷/۲/۶

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فناوری
سازمان سنجش آموزش کشور

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی‌ارشد ناپیوستهٔ داخل ــ سال ۱۳۹۷

## مجموعه زبان و ادبیات اردو ــ کد (۱۱۲۹)

تعداد سؤال: ۱۲۰

مدت پاسخگویی: ۱۲۰ دقیقه

عنوان مواد امتحانی، تعداد و شمارهٔ سؤالات

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شمارهٔ | تا شمارهٔ |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۱ | ۲۵ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۲۶ | ۴۵ |
| ۳ | ادبیات منظوم | ۳۰ | ۴۶ | ۷۵ |
| ۴ | ادبیات منثور | ۲۵ | ۷۶ | ۱۰۰ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۱۰۱ | ۱۱۰ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۱۱۱ | ۱۲۰ |

این آزمون نمرهٔ منفی دارد.

استفاده از ماشین‌حساب مجاز نیست.

حق چاپ، تکثیر و انتشار سؤالات به هر روش (الکترونیکی و...) پس از برگزاری آزمون، برای تمامی اشخاص حقیقی و حقوقی تنها با مجوز این سازمان مجاز می‌باشد و با متخلفین برابر مقررات رفتار می‌شود.

۱۳۹۷

مؤسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



* داوطلب گرامی، عدم درج مشخصات و امضا در مندرجات جدول ذیل، به‌منزلهٔ عدم حضور شما در جلسهٔ آزمون است.

اینجانب ........................................ با شمارهٔ داوطلبی .................... در جلسهٔ این آزمون شرکت می‌نمایم.

امضا:

دستور زبان تخصصی اردو:

۱- کونسے فعل اور زمان کی تعریف غلط ہے؟

۱) ماضی تمنائی وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا ذکر نزدیک کے گزرے ہوئے زمانہ میں پایا جائے۔

۲) ماضی قریب وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا ذکر قریب کے گزرے ہوئے زمانہ میں پایا جائے۔

۳) ماضی شکیہ وہ فعل ہے جس میں کوئی کام گزرے ہوئے زمانہ میں شک کے ساتھ پایا جائے۔

۴) ماضی بعید وہ فعل ہے جس میں دور کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے یا گزرے ہوئے زمانے میں دوری سے پایا جائے۔

۲- مندرجہ ذیل اسماء، اسم کی کس قسم میں شمار ہوتے ہیں؟

"قینچی - چھم چھم - ڈھولک - کارخانہ"

۱) اسم ظرف - اسم صوت - اسم مکبّر - اسم ظرف
۲) اسم آلہ - اسم صوت - اسم مکبّر - اسم آلہ
۳) اسم آلہ - اسم صوت - اسم تصغیر - اسم ظرف
۴) اسم ظرف - اسم صوت - اسم تصغیر - اسم آلہ

۳- اگر کسی فقرے میں فعل لازم ہو تو فعل کی مطابقت تذکیر و تانیث میں کس بات سے ہوتی ہے؟

۱) مفعول
۲) فاعل
۳) مضاف
۴) حرف

۴- درج ذیل الفاظ میں سے کونسے لفظ کا متضاد لفظ غلط ہے؟

۱) سلانا : جگانا
۲) بجھانا : جلانا
۳) اجالا : آزاد
۴) الٹا : سیدھا

۵- کونسے الفاظ کا شمار اسم فاعل میں نہیں ہوتا ہے؟

۱) دکھی - لاڈلا
۲) چرواہا - ڈاکیا
۳) پجاری - شکاری
۴) دھوبی - گویا

۶- اردو گرامر کے پیش نظر درج ذیل کا کونسا فقرہ صحیح نہیں ہے؟

۱) ان لڑکوں کو اپنے اپنے کھانے کھانے ہیں۔

۲) وہ کل ضرور کالج جاتا ہے۔ اسے لائبریری میں کتاب واپس کرنا ہے۔

۳) آپ کو مجھے خط لکھنا ہے اور مجھے اسے پڑھنا ہے۔

۴) ان لڑکیوں کو ان لڑکوں کے ساتھ ایک ہی دن میں امتحان دینا ہے۔

۷- ذیل کے مؤنث الفاظ کی تذکیر ترتیب وار کونسے ہیں؟

"گوالن - دلہن - جوگن - مالن"

۱) گوالا - دولہا - جوگی - مالی
۲) گوالیار - داماد - جوگا - مالا
۳) گوالے - دولہا - جوگی - مالا
۴) گوالیار - دولہے - جوگی - مالی

www.isijournal.net



۸- کونسے فقرے میں امدادی فعل نہیں؟

۱) اڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہوئے۔　　۲) اسے اپنے پاس بلالیا۔

۳) چارپائی اودھیڑ ڈالی۔　　۴) اس نے بچے کو کھانا کھلایا۔

۹- اردو گرائمر کی رو سے کونسا مصدر، مصادر جعلی میں شمار ہوتا ہے؟

۱) پلانا　　۲) دکھانا　　۳) رونا　　۴) بخشنا

۱۰- ذیل کے الفاظ ترتیب وار صفت کی کس کس قسم میں شمار ہوتے ہیں؟

"ایرانی ۔ چھٹا ۔ کچھ ۔ پانچ کلو"

۱) صفت نسبتی ۔ صفت عددی غیر معین ۔ صفت ذاتی ۔ صفت عددی معین

۲) صفت ذاتی ۔ صفت مقداری ۔ صفت عددی غیر معین ۔ صفت عددی معین

۳) صفت نسبتی ۔ صفت عددی معین ۔ صفت عددی غیر معین ۔ صفت مقداری معین ۔

۴) صفت ذاتی ۔ صفت عددی معین ۔ صفت عددی معین ۔ صفت عددی غیر معین

۱۱- ذیل کے الفاظ ترتیب وار اسم کی کس کس قسم میں شمار ہوتے ہیں؟

" سوئی ۔ چڑیا گھر ۔ دُکھڑا ۔ گھڑیال"

۱) آلہ ـ حالیہ ـ مکبّر ـ مکبّر　　۲) آلہ ـ ظرف مکان ـ مصغر ـ مکبّر

۳) فعل ـ ظرف مکان ـ مفعول ـ مکبّر　　۴) فعل ـ حالیہ ـ مفعول ـ مصغّر

۱۲- کونسا اسم حاصل مصدر نہیں؟

۱) سجاوٹ　　۲) دمک　　۳) پٹیو　　۴) آہٹ

۱۳- ذیل کے فقرے کی ترکیب نحوی میں کونسی بات غلط ہے؟

"آج کی تقریب میں شاہد اور رضا حاضر تھے۔"

۱) آج: مبتدا　　۲) شاہد اور رضا: مبتدا　　۳) تھے: فعل ناقص　　۴) حاضر: خبر

۱۴- اردو گرائمر کی رو سے کونسا فقرہ صحیح نہیں؟

۱) اردو گرائمر میں جملہ معترضہ ایسا جملہ ہوتا ہے جو وضاحت کے لئے لکھا یا بولا جاتا ہے۔

۲) اردو گرائمر میں صفت و موصوف جنس اور تعداد میں مطابقت رکھتے ہیں۔

۳) اردو گرائمر میں ماضی سادہ میں متعدی افعال میں، فعل کی ساخت، مفعول کے مطابق ہوتی ہے

۴) اردو گرائمر کی رو سے پہلے مضاف کا ذکر ہوتا ہے اور اس کے بعد مضافٌ الیہ۔

۱۵- اردو گرائمر کی رو سے اگر جملے میں دو مفعول موجود ہوں تو ماضی نقلی میں متعدی فعل کی ساخت کیسی ہوتی ہے؟

۱) جملے کا فعل، فاعل کے مطابق بنایا جاتا ہے۔

۲) فعل، مفرد و جمع اور تذکیر و تانیث میں آخری مفعول کے مطابق آتا ہے۔

۳) اس صورت میں فعل ہمیشہ مفعول جمع کے مطابق بنایا جاتا ہے۔

۴) علامت فاعلی اور علامت مفعولی کی موجودگی کی وجہ سے فعل مفرد مؤنث کی شکل میں آتا ہے۔

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۱۶- مندرجہ ذیل صفات، صفات کی کس قسم میں شمار ہوتی ہیں؟

"سچا- میٹھا –خوش نصیب-کڑوا"

۱) صفت بسیط –صفت ذاتی –صفت ذاتی –صفت بسیط

۲) صفت ذاتی –صفت مرکب –صفت بسیط –صفت بسیط

۳) صفت بسیط –صفت ذاتی –صفت مرکب –صفت ذاتی

۴) صفت ذاتی –صفت ذاتی –صفت مرکب –صفت ذاتی

۱۷- اردو زبان میں حرف "کو" کے استعمال کے سلسلے میں کونسی وضاحت صحیح ہے؟

۱) جب کسی جملے میں مفعول عاقل و جاندار ہو تو اس کے ساتھ "کو" ضرور آتا ہے۔

۲) اگر کسی جملے میں مفعول بے جان ہو تو "کو" استعمال ہوتا ہے۔

۳) مرکب مصادر کے ساتھ جو محاورے کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، "کو" کا استعمال صحیح ہے۔

۴) اگر کسی جملے میں جاندار عاقل کے دو مفعول موجود ہوں تو ان میں دوسرے مفعول کے ساتھ "کو" استعمال کرنا غلط ہوگا۔

۱۸- حروف جار کے اپنے ما قبل الفاظ پر اثرات کے سلسلے میں کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) ہمارا والدین کا گھر میں بڑے بڑے درخت ہیں۔

۲) ہمارا بھائی کی الماریاں پر دس دس نئے کپڑے پڑے ہیں۔

۳) ہماری بہنوں کی سہیلیوں کے کمروں میں ناول کی پانچ کتابیں موجود ہیں۔

۴) ہمارا کالج کے سامنے بڑا باغیچہ میں کئی درخت ہیں۔

۱۹- فعل ماضی شکیہ کے پیش نظر، درج ذیل کے فقروں میں سے کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) لڑکی نے نئی نئی قمیض سی لیا ہوگا۔

۲) بچے نے چائی پی لیا ہوگا۔

۳) لڑکے نے نئی نئی گاڑیاں خریدے ہوں گے۔

۴) بچّی نے اپنا کھانا کھایا ہوگا۔

۲۰- اردو گرائمر میں فعل امر کی ساخت کے پیش نظر، درج ذیل کا کونسا فقرہ صحیح نہیں؟

۱) تو مہربانی فرما کر اپنے ماں باپ کا احترام کرتا جا۔

۲) تم تہران کی سڑکوں پر گاڑی تیزی سے چلاتے جاؤ۔

۳) آپ سردیوں میں ٹھنڈا پانی نہیں پیتے رہیں۔

۴) تم اپنے دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتی رہو۔

۲۱- اردو گرائمر کی رو سے فقروں میں "چاہئے" کے استعمال کے سلسلے میں کونسی بات صحیح ہے؟

۱) "چاہئے" ضمائر فاعلی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

۲) "چاہئے" ضمائر مفعولی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

۳) "چاہئے" ضمائر مفعولی اور فاعلی، دونوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

۴) "چاہئے" کے استعمال کے وقت "نے" کا ذکر ضروری ہے۔

۲۲- مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع کونسی ہے؟

" چھاؤں - گاؤں - ماں - گائے "

۱) چھاؤں - گاؤں - مائیں - گائیں

۲) چھاؤنیاں - گاؤں - ماؤں - گائیں

۳) چھاؤں - گاؤں – مائیں - گائے

۴) چھاؤنیاں - گاؤں – ماں - گائیں

www.isijournal.net



۲۳- مندرجہ ذیل مجہول فقرے کی معلوم صورت کونسی ہے؟

" عید کے دن گھروں کی چھتوں پر جھنڈیاں لگائی گئی ہوں گی۔"

۱) لوگ عید کے دن گھروں کی چھتوں پر جھنڈیاں لگائے ہوں گے۔
۲) لوگ نے عید کے دن گھروں کی چھتوں پر سے جھنڈے اٹھائے ہوں گے۔
۳) لوگوں نے عید کے دن گھروں کی چھتوں پر جھنڈیاں لگائی ہوں گی۔
۴) لوگوں نے عید کے دن گھروں کی چھتوں پر جھنڈیاں لگائے ہوں گے۔

۲۴- درج ذیل الفاظ میں سے کونسا لفظ مذکر ہے؟

۱) خالہ ۲) لسی ۳) گڑیا ۴) دہی

۲۵- اردو گرامر میں مصدر "چکنا" کے استعمال کے پیش نظر، کونسا فقرہ غلط ہے؟

۱) اسلم جیل سے رہا ہو کر گھر جا چکا ہے۔
۲) میں نے جو کچھ تمھیں دینا تھا، دے چکے ہوں۔
۳) طالب علم وقت پر کالج نہیں پہنچ چکا۔
۴) وہ کھانا کھا چکے تھے کہ تہران سے مہمان آئے۔

متون تخصصی:

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۲۶ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

" اگر اس نے مجھے بدلنے کی کوشش کی، میری پسند اور ناپسند پر پابندیاں عائد کیں، تو میں تو قفس میں بند پرندے کی طرح ہو جاؤں گی جو محض پھڑ پھڑا کر رہ جاتا ہے اور ایک دن جان دے دیتا ہے۔ میرا دم گھٹ جائے گا۔ پروردگارا میں اپنے ہی ذہن کی دیواروں سے سر ٹکرا ٹکرا کر لہولہان ہو جاؤں گی۔ کئی ناکام شادیاں ذہن میں لہرائیں۔"

۲۶- کونسا مفہوم اس متن کی رو سے صحیح نہیں؟

۱) راوی نے اپنے ذہن میں ایک پرندے کی پرواز کا تصور کیا ہے۔
۲) راوی کو پابندیاں پسند نہیں ہیں۔
۳) راوی پابندیوں کو اپنی اسارت کا مترادف سمجھتا ہے۔
۴) راوی اپنے موجودہ حال میں کسی طرح کی تبدیلی کو پسند نہیں کرتا ہے۔

۲۷- ذیل کے فقرے میں "گھاس کھانا" کے محاورے کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

" آخر میں کیا گھاس کھا گیا ہوں جو موٹر کمپنیوں کی فہرست بٹورتا پھروں؟"

۱) غریب ہو کر رہنا ۲) بے عقل ہو جانا ۳) گھاس اکٹھا کرنا ۴) دھوکا کھانا

۲۸- " بات آئی گئی ہو گئی" کے محاورے کا ذیل کے فقرے میں صحیح مفہوم کونسا ہے؟

" بات آئی گئی ہو گئی اور سب نے ہنسی خوشی کھانا کھایا۔"

۱) بہت زمانہ ہو گیا ۲) بات لمبی ہو گئی ۳) بات ٹال گئی ۴) بات بھول گئی

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۲۹ سے لے کر سوال نمبر ۳۰ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:

نیا شیشہ منگوا کر چوکھٹے میں جڑا اور تمام قصے طے کرنے پر دو گھنٹے بعد پھر تصویر ٹانگنے کا مرحلہ درپیش ہوا۔ اوزار آئے، سیڑھی آئی، چوکی آئی، شمع لائی گئی۔ چچا جان سیڑھی پر چڑھ رہے ہیں اور گھر بھر (جس میں ماما اور کہاری بھی شامل ہیں) نیم دائرے کی صورت میں امداد دینے کو کیل کانٹے سے لیس کھڑا ہے۔ دو آدمیوں نے سیڑھی پکڑی تو چچا جان نے اس پر قدم رکھا۔ اوپر پہنچے۔ ایک نے کرسی پر چڑھ کر میخیں بڑھائیں۔ ایک قبول کر لی، دوسرے نے ہتھوڑا اوپر پہنچایا، سنبھالا ہی تھا کہ میخ ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے گر پڑی۔ کھسیانی آواز میں بولے، 'اے لو، اب کم بخت میخ آزاد ہو کر گر پڑی، دیکھنا کہاں گئی؟"

۲۹- کس نے چچا جان کو میخیں دے دیں؟

۱) چچا جان سیڑھی پر چڑھتے ہوئے میخیں ساتھ لے گئے۔
۲) ماما اور کہاری دونوں نے مل کر میخیں بڑھائیں۔
۳) ایک نے کرسی پر چڑھ کر میخیں بڑھائیں۔
۴) چچا جان کے دو دوستوں نے چچا جان کو میخیں دے دیں۔

www.isijournal.net



۳۰- جب چچا جان کو میخیں مل گئیں تو اس کے بعد کیا ہوا؟

۱) ماما نے دوسری میخ بڑھادی اور چچا کو دی۔

۲) تمام لوگ شمع پکڑ کر میخ ڈھونڈ نے لگے۔

۳) چچا جان میخ کو سنبھالتے ہی، وہ ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر گئی۔

۴) کہاری نے سیڑھی پر چڑھ کر ایک اور میخ چچا کو پکڑادی۔

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۱ سے لے کر سوال نمبر ۳۲ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:

غرض چالیس دن تک یہی نوبت رہی۔ جب شہر کی کوچہ گردی سے اکتاتا، جنگل میں نکل جاتا۔ جب وہاں سے گھبراتا، پھر شہر کی گلیوں میں دیوانہ سا آتا، نہ دن کو کھاتا نہ رات کو سوتا۔ جیسے دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔ زندگی انسان کے کھانے پینے سے ہے۔ آدمی اناج کا کیڑا ہے۔ طاقت بدن میں مطلق نہ رہی، اپاہج ہو کر اسی مسجد کی دیوار کے تلے جا پڑا کہ ایک روز وہی خواجہ سرا جمعے کی نماز پڑھنے آیا، میرے پاس سے ہو کر چلا۔ وہ محلّی آوازِ درد سن کر متوجہ ہوا، میرے تئیں بہ غور دیکھ کر افسوس کیا اور شفقت سے مخاطب ہوا۔"

۳۱- اس متن میں "دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا" کی ضرب المثل کی فارسی متقابل ضرب المثل کونسی ہو سکتی ہے؟

۱) نرود میخ آہنین در سنگ

۲) از اینجا رانده، از آنجا مانده

۳) یکی را به ده راه نمیدادند، سراغ خانه کدخدا را می گرفت۔

۴) خانه دوستان بروب و در دشمنان مکوب!

۳۲- اس متن میں "آدمی اناج کا کیڑا ہے" کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

۱) غلّے اگر نہ کھائے جائیں تو ان میں کیڑے لگ جاتے ہیں۔

۲) انسانی زندگی کا دارومدار صرف غذا پر نہیں ہے۔

۳) انسان غذا کھائے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا ہے۔

۴) انسان خود اناج میں کیڑا لگاتے ہیں۔

۳۳- ذیل کی ضرب المثل کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

"آدمی اپنے مطلب کے لیے پہاڑ کے کنکر ڈھوتا ہے"

۱) انسان ہر روز پہاڑوں پر چڑھنے کو پسند کرتا ہے۔

۲) انسان اپنی غرض کے لیے ہر قسم کی تکلیفیں برداشت کرتا ہے۔

۳) جب بہانہ بنانا منظور ہو تو پہاڑ جیسی بڑی حقیقت کا انکار بھی ممکن ہوتا ہے۔

۴) مطلبی دوست پہاڑ کو بھی ناچیز سمجھتا ہے۔

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۴ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

" گھٹے ہوئے جسم کا نوجوان کھدر کے کرتے اور پاجامے میں ملبوس تھا اور ایک بڑے سے پتھر پر آلتی پالتی مار کر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کا سر منڈا ہوا تھا۔ آنکھیں گویا انگاروں کی طرح روشن تھیں۔ چھاتی تنی ہوئی جیسے اسے سانس لینے میں بھی لذت محسوس ہو رہی ہو۔ اس کے انداز میں ایک عجیب بے نیازی تھی۔ ایک بے نام سی انبساط اور چپ چاپ گویا بے تعلقی سے قبروں کی طرف دیکھ رہا تھا۔ دیکھتے دیکھتے اس کے ہونٹوں پر ایک مسکراہٹ سی آ جاتی اور اس کے چہرے پر دودھیا سویرا پھیل جاتا۔"

۳۴- کونسا فقرہ مذکورہ بالا عبارت سے متعلق نہیں؟

۱) ایک دبلے پتلے نوجوان کت پتلون پہنے ہوئے ایک بڑے پتھر پر چارزانو بیٹھا ہوا تھا۔

۲) نوجوان کے سر کے بال مونڈے ہوئے تھے۔

۳) نوجوان کی آنکھیں چمک رہی تھیں۔

۴) نوجوان کے کپڑے سخت اور کھردرے تھے۔

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۵ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

"دھاتوں کے متعلق جابر کا نظریہ یہ تھا کہ تمام دھاتیں گندھک اور پارے سے بنی ہیں۔ جب دونوں اشیاء بالکل خالص حالت میں ایک دوسرے کے ساتھ کیمیائی ملاپ کرتی ہیں تو سونا پیدا ہوتا ہے لیکن جب وہ ناخالص حالت میں کیمیائی طور پر ملتی ہیں تو دیگر کثافتوں کی موجودگی اور ان کی مقدار کی کمی بیشی سے دوسری دھاتیں مثلاً چاندی، سیسہ، تانبہ، لوہا وغیرہ ظہور میں آتی ہیں۔"

۳۵- اس متن کی رو سے کونسا فقرہ اس متن سے مربوط نہیں؟

۱) چاندی اس وقت وجود میں آتی ہے جب گندھک اور پارے ناخالص حالت میں ملتے ہیں۔
۲) جب گندھک اور پارے ناخالص حالت میں کیمیائی طور پر ملتے ہیں تو اس طرح سونا پیدا ہوجاتا ہے۔
۳) سیسہ اس وقت وجود میں آتا ہے جب گندھک اور پارے ناخالص حالت میں دیگر کثافتوں کی موجودگی میں ملتے ہیں۔
۴) جب گندھک اور پارے خالص حالت میں کیمیائی طور پر ملتے ہیں تو اس طرح سونا پیدا ہوجاتا ہے۔

۳۶- کونسے محاورے کا استعمال غلط ہے؟

۱) آدمی ڈٹ جائے تو بڑے سے بڑی مشکل بھی آسان ہوجاتی ہے۔
۲) ڈاکوؤں نے چوکیدار کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔
۳) مٹھائی کی پلیٹ دیکھ کر میرے منہ میں پانی بھر آیا۔
۴) احمد صبح سے میرے کان کے قریب کھانا کھا رہا ہے کہ اسے گیند لادوں۔

۳۷- کونسے محاورے کا مفہوم صحیح ہے؟

۱) سر دھننا: سر کے بال کٹوانا
۲) دم بخود رہ جانا: حیران کر دینا
۳) جی کڑا کرنا: حوصلہ کرنا
۴) قیامت ڈھانا: قیامت کا برپا ہونا

۳۸- ذیل کے الفاظ و تراکیب کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

"آپے سے باہر ہونا - اٹکھیلیاں - اونے پونے - پوچھ گچھ"

۱) بے بس ہونا - سنجیدگیاں - خاصہ منفعت - تلاشی
۲) گھر سے باہر جانا - اچھل کود - آدھا حصہ - پوچھنا
۳) مست ہونا - بے پروائی - نقصان پہنچانا - اغماض
۴) سخت غصے میں ہونا - ناز نخرے - بہت کم قیمت - بازپرس

۳۹- ذیل کے فقرے میں "نظرانداز کرنا" کے محاورے کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

"رضوان نے کمرے میں پڑی ہر چیز کو نظرانداز کیا اور سیدھا آصف کے کمرے میں گھس گیا۔"

۱) چھوڑ دینا
۲) نظر بھر دیکھنا
۳) غور سے دیکھنا
۴) دوسرے کی سپرد کرنا

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۴۰ سے لے کر سوال نمبر ۴۱ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:

"ادھر چھمی تھی کہ اپنے نصیب کی بازی لگنے سے بے خبر، سارے گھر میں اودھم ڈھائی پھر رہی تھی۔ منظور کی محبت نے جو ذرا سی سنجیدگی پیدا کردی تھی، وہ بھی ختم ہوگئی تھی۔ بڑے چچا کو دیکھتے ہی اسے پاکستان کا خیال ستانے لگتا۔ انگریزوں کو وہ بے نقط سناتی کہ اماں کے چھکے چھوٹ جاتے اور جب سب کو چڑا چڑا کر وہ تھک جاتی تو پھر عالیہ کے پاس آ گھستی۔"

۴۰- اس متن میں "اودھم ڈھانا" کا صحیح مطلب کیا ہے؟

۱) ہنسی مذاق کرنا
۲) شور و غل کرنا
۳) نعرہ لگانا
۴) آپے سے باہر ہوجانا

www.isijournal.net



۴۱- اس متن کے پیش نظر یہ بتائیے کہ اماں، چھمی کی کس بات سے گھبرا جاتیں؟

۱) اس کی نعرہ بازی سے
۲) اس کے انگریزوں کو گالیاں دینے سے
۳) اس کے نڈھال ہو کر گر جانے سے
۴) اس کی سنجیدگی سے

۴۲- ذیل کے فقروں میں " مزہ چکھانا" اور " روڑے اٹکانا" کی محاورات کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

" وہ اپنے دوست سے اتنا ناراض تھا کہ اسے دیکھتے ہی کہنے لگا تمہیں بہت جلد مزہ چکھاؤں گا۔"

" ٹیچر نے بچوں کو یہ نصیحت دی کہ آپ ایک دوسرے کے امور میں روڑے اٹکانے سے باز آئیں۔"

۱) سزا دینا۔رکاوٹ پیدا کرنا
۲) کھانا کھلانا۔پٹائی کرنا
۳) پھل کا مزہ کرنا۔رخنہ ڈالنا
۴) لطف اٹھانا۔کام جاری نہ رہنے دینا

۴۳- کونسا مفہوم " آنکھ لڑانا " کے محاورے کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

۱) آنکھ ملانا
۲) گھورنا
۳) عاشق ہونا
۴) غصے میں ہونا

۴۴- ذیل کی عبارت میں "ٹھاٹ" اور "اپچ" کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

" ٹوکیو سے جاپانی، تہران سے ایرانی اور شام سے شامی آئے تھے۔ ان کے بڑے ٹھاٹ تھے۔ ڈاکٹر صاحب کی اپچ تھی۔ وہ شاہی باغ کو حقیقت میں شاہی باغ بنانا چاہتے تھے۔"

۱) ڈھنگ ۔مہربانی
۲) سامان - درخواست
۳) رشتہ دار - ملنساری
۴) آن بان - ایجاد

۴۵- ذیل کے متن کی رو سے " اندھیر نگری چوپٹ راج" کی ترکیب کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

" یہ شہر کا قدیم ترین محلّہ ہے جس کے ساحلی غاروں میں سمندری قزاق اور اچکے بستے تھے اور اندھیر نگری چوپٹ راج مچا یا تھا۔"

۱) اندھیرے میں دھند کا پھیل جانا
۲) قانون کی بالادستی
۳) لاقانونیت کی حکومت
۴) اندھی تقلید

*ادبیات منظوم:*

۴۶- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت موجود ہے؟

پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی
ساحل سے سر ٹپکتی تھی موجیں فرات کی

۱) حسن تعلیل
۲) تضاد
۳) لف و نشر
۴) مبالغہ

۴۷- ذیل کی عبارت قصیدے کے کس حصے کی وضاحت کرتی ہے؟

"اس صنف شعر کے ایک حصے میں شاعر کو اپنی فنی مہارت، جدت و ذہانت کا ثبوت پیش کرنے کا پورا موقع ملتا ہے۔ اس حصہ میں شاعر مناظر فطرت کی تصویر یا کوئی جذباتی کیفیت کی ترجمانی بھی کر سکتا ہے یا کوئی فکر و خیال کی رفعت کا بیان بھی کر سکتا ہے لہٰذا کوئی اس میں پند و نصیحت کے دفتر کھولتا ہے تو کوئی دنیا کی بے ثباتی، علوم و فنون کی بے قدری، شاعری کی تعریف یا تاریخی واقعات کا ذکر کرتا ہے ، کوئی اخلاقی اور فلسفیانہ نکات بیان کرتا ہے غرض یہ حصہ قصیدہ نگار کی پسند پر منحصر ہوتا ہے۔"

۱) مدح
۲) دعا
۳) گریز
۴) تشبیب

www.isijournal.net



۴۸- کونسا مفہوم ذیل کے شعر کے صحیح مفاہیم میں شامل نہیں؟

برگِ گل پر رکھ گئی شبنم کا موتی بادِ صبح
اور چمکاتی ہے اس موتی کو سورج کی کرن

۱) پھول کی پتی پر نسیم صبح نے شبنم رکھی۔
۲) بادِ صبح سورج کی کرن کو اور چمکاتی ہے۔
۳) صبح کے وقت شبنم موتی کی طرح نظر آتی ہے۔
۴) سورج کے شعاعوں نے شبنم کو اور درخشاں کر دیا۔

۴۹- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت نظر آتی ہے؟

اڑا لی قمریوں نے، طوطیوں نے، عندلیبوں نے
چمن والوں نے لوٹ لی طرزِ فغاں میری

۱) تجنیس ۲) اغراق ۳) مراعات النظیر ۴) تضاد

۵۰- ذیل کے اردو شعر کے مفہوم سے کونسا فارسی شعر قریب قریب ہے؟

"اچھا ہے دل کے ساتھ رہے پاسبانِ عقل
لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے"

۱) فرشتہ عشق نداند کہ چیست ای ساقی
بخواہ جام و گلابی بہ خاک آدم ریز
۲) عقل در شرحش چو خر در گل بخفت
شرح عشق و عاشقی ہم عشق گفت
۳) اگر نہ عشق بودی جان عالم
کہ بودی زندہ در دورانِ عالم
۴) چہ لازم باخرد ہم خانہ بودن
دو روزے می تواں دیوانہ بودن

۵۱- ذیل کے شعر میں ارکان تشبیہ کی نشاندہی کیجیے:

شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

۱) مشبہ: دل مشبہٌ بہ: چراغ وجہ شبہ: جلنا
۲) مشبہ: چراغ مشبہٌ بہ: دل وجہ شبہ: تاریکی
۳) مشبہ: شام مشبہٌ بہ: چراغ وجہ شبہ: سرخی
۴) مشبہ: دل مشبہٌ بہ: شام وجہ شبہ: بجھنا

۵۲- وہ کونسے شاعر تھے جو نظم و غزل پر یکساں عبور رکھنے کے باوجود، ایک صنف میں دوسری صنف کی توسیع کرتے رہے اور ہیئت کے تجربات کئے؟

۱) محمد حسین آزاد ۲) امیر مینائی ۳) داغ دہلوی ۴) مجید امجد

۵۳- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت نظر آتی ہے؟

بے سبب زلزلہ، عالم میں نہیں آتا ہے
کوئی بے تاب تہ خاک میں تڑپتا ہوگا

۱) تلمیح ۲) جمع و تفریق ۳) اغراق ۴) تضاد

۵۴- ذیل کی عبارت کونسے شعر کے صحیح مفہوم کی ترجمانی ہے؟

" محبوب کا وعدہ وفا ہونا، عاشق کے لئے خوشی کی فراوانی سے موت کا باعث ہو سکتا ہے۔ تو محبوب کا وعدہ سچا نہیں ہوتا ہے۔"

۱) بے نیازی حد سے گزری، بندہ پرور کب تلک
ہم کہیں گے حال دل اور آپ فرمائیں گے کیا؟
۲) ترے وعدے پہ جیئے ہم، تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا؟
۳) ضعف سے ہے، نے قناعت سے یہ ترک جستجو
ہیں وبال تکیہ گاہ ہمت مردانہ ہم
۴) زاہد نہ تم پیو، نہ کسی کو پلا سکو
کیا بات ہے تمہاری شراب طہور کی

موسسه تحقیقاتی رهام

www.isijournal.net



۵۵- کونسے شعر کا مفہوم ذیل کے شعر کے قریب ہے؟

آتا ہے داغِ حسرتِ دِل کا شمار یاد ... مجھ سے مرے گناہ کا حساب اے خدا نہ مانگ

۱) اندر آں روز کہ پرسش رود از ہر چہ گذشت ... کاش با ما سخن از حسرت ما نیز کنند

۲) نہیں ذریعہ راحت جراحت پیکاں ... وہ زخم تیغ ہے جس کو کہ دلکشا کہیے

۳) صورت انجمن گر محو شد پروا کراست؟ ... خامہ نقاش ما نقش دگر خواہد نمود

۴) ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن ... دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

۵۶- ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں موجود ہیں؟

یوسف سے عزیز کو کئی سال ... زندان عزیز میں پھنسایا

۱) مراعات النظیر - ایہام ۲) تضاد - حسن تعلی ۳) تلمیح - جناس تام ۴) لف و نشر - تضاد

۵۷- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت نظر آتی ہے؟

تیرے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار ... گل جدا، سرو جدا، نرگس بیمار جدا

۱) لف و نشر مرتب ۲) تجنیس ۳) تضاد ۴) توشیح

۵۸- ذیل کے شعر میں ارکان استعارہ کی نشاندہی کیجیے:

ایک روشن دماغ تھا نہ رہا ... شہر میں ایک چراغ تھا نہ رہا

۱) مستعارٌ لہ : چراغ مستعارٌ منہ : دماغ وجہ جامع : روشنی

۲) مستعارٌ لہ : ایک انسان مستعارٌ منہ : چراغ وجہ جامع : روشنی

۳) مستعارٌ لہ : شہر مستعارٌ منہ : ایک انسان وجہ جامع : روشنی

۴) مستعارٌ لہ : ایک انسان مستعارٌ منہ : شہر وجہ جامع : روشنی

۵۹- کونسے شعر میں کنایہ موجود نہیں؟

۱) دعوے تو تھے بڑے ارنی گوئے طور کو ... ہوش اڑ گئے ہیں ایک سنہری لکیر سے

۲) تھے تو آبا وہ تمہارے ہی، مگر تم کیا ہو ... ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظر فردا ہو

۳) میر صاحب زمانہ نازک ہے ... دونوں ہاتھوں سے تھامئے دستار

۴) قلب میں سوز نہیں، روح میں احساس نہیں ... کچھ بھی پیغام محمد کا تمہیں پاس نہیں

۶۰- ذیل کے شعر میں صحیح ارکان تشبیہ کی نشاندہی کیجیے:

نیند آغاز زمستان کے پرندے کی طرح/خوف دل میں کسی موہوم شکاری کا لئے / اپنے پر تولتی ہے، چیختی ہے

۱) مشبہ : نیند مشبہٌ بہ : پرندہ وجہ شبہ : اڑنا

۲) مشبہ : پرندہ مشبہٌ بہ : نیند وجہ شبہ : اڑنا

۳) مشبہ : خوف مشبہٌ بہ : شکاری وجہ شبہ : اڑنا

۴) مشبہ : شکاری مشبہٌ بہ : خوف وجہ شبہ : اڑنا

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۶۱- ذیل کے شعراء میں سے کس شاعر کے کلام میں جدید دور کا سیاسی شعور پایا جاتا ہے اور اس وجہ سے وہ صف اول کے شعراء میں شمار ہوتا ہے؟

۱) اختر شیرانی ۲) خواجہ میر درد ۳) ن۔م راشد ۴) اصغر گونڈوی

۶۲- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت نظر آتی ہے؟

موت کا ایک دن مقرر ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

۱) تضاد ۲) تشبیہ ۳) استعارہ ۴) حسن تخلص

۶۳- کونسا فقرہ ذیل کی نظم کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

"صبح سویرے بن کی چڑیا، من کی بات بتائے / جنگل میں سرکنڈوں کی کونپل پر بیٹھی گائے / ننھی چونچ پہ چوں چرچوں چرچوں کی چونچل بانی / کرن کرن پر ناچ رہی اس کے من کی کہانی"

۱) چڑیا کی دل کی کہانی کرنوں سے ناچتی ہے۔

۲) چڑیا پھولوں پر گائے کے ساتھ بیٹھتی ہے۔

۳) چڑیا سرکنڈوں کی کونپل پر بیٹھے ہوئے گاتی ہے۔

۴) چڑیا صبح کے وقت جنگل میں اپنے دل کی بات سناتی رہتی ہے۔

۶۴- ذیل کی عبارت کونسی صنف کی وضاحت کرتی ہے؟

"یہ وہ صنف ہے جس کا تعلق موسیقی سے زیادہ ہے۔ اگر بغور دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ صنف پڑھنے کی بجائے سننے کی چیز ہے۔ جس طرح ڈراما بھی پڑھنے کی بجائے دیکھنے کی چیز ہے۔ یوں اس صنف سخن کے مصرعوں کے بطن میں نغمہ موجیں مار رہا ہوتا ہے۔"

۱) رباعی ۲) ہائیکو ۳) قصیدہ ۴) گیت

۶۵- کونسے شعر میں "دنیا کی بے ثباتی" کا ذکر ہے؟

۱) خلوت دل نے کر دیا اپنے حواس میں خلل حسن، بلائے چشم ہے نغمہ، وبال گوش ہے

۲) اس گلشن ہستی میں عجب دید ہے لیکن جب چشم کھلے گل کی تو موسم ہو خزاں کا

۳) عجب بحر غم میں ڈبویا مجھے غرض جان سے تو نے کھویا مجھے

۴) ہوا ہے راہ چلنا سب کو دشوار خطر ہے گر پڑے سر پر نہ دیوار

۶۶- ذیل کے شعر کا مفہوم مندرجہ ذیل اشعار میں سے کونسے شعر کے مفہوم سے قریب ہے؟

بڑھ گئیں تم سے مل کر اور بھی بے تابیاں ہم یہ سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا

۱) دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا وہ تری یاد تھی اب یاد آیا

۲) مجھے دل کی خطا پر یاس شرمانا نہیں آتا پرایا جرم اپنے نام لکھوانا نہیں آتا

۳) دل میں ہر وقت چبھن رہتی تھی تھی مجھے کس کی طلب یاد نہیں

۴) سب غلط کہتے تھے لطف یار کو وجہ سکوں درد دل اس نے تو حسرت اور دونا کر دیا

www.isijournal.net



۶۷- کونسا فقرہ ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل ہے؟

کیونکر گلی سے اس کی اٹھ کر میں چلا جاتا — یاں خاک میں ملتا تھا، لوہو میں نہاتا تھا

۱) محبوب لوہے کے بوجھ کی وجہ سے خاک نشیں ہوتا ہے وہ کس طرح اٹھ کر جاسکتا ہے۔
۲) میں کس طرح اس گلی میں آسکتا ہوں جہاں میرا محبوب خاک میں ملا ہے؟
۳) محبوب کی گلی سے عاشق کو جانا نہیں ہوتا چونکہ اس کو اس گلی میں خون میں نہانا ہوتا ہے۔
۴) میں اور محبوب کو اس گلی سے جانے کی اجازت نہیں ہے چونکہ وہ گلی لوہے سے بند ہو گئی ہے۔

۶۸- کونسے شعر میں ذیل کا مفہوم پایا جاتا ہے؟

"اے محبوب جب میں کسی دوسرے شخص کی غیر موجودگی میں آکیلا ہوتا ہوں، تو تم تصور میں میرے پاس چلے آتے ہو اور یوں تنہائی نہیں رہتی ہے۔"

۱) تم میرے پاس ہوتے ہو گویا — جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
۲) تنہائی ہے، غریبی ہے، صحرا ہے خار ہے — کون آشنائے حال ہے کس کو پکاریئے؟
۳) نہ بدرقہ ہے نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے — فقط عنایت پروردگار راہ میں ہے
۴) اے دوست ہم نے ترک محبت کے باوجود — محسوس کی ہے تیری ضرورت کبھی کبھی

۶۹- ذیل کے شعر کے صحیح مفہوم کونسا ہے؟

کرشمے حسن کے پنہاں تھے شاید رقص بسمل میں — بہت کچھ سوچ کر ظالم نے تیغ خوں فشاں رکھ دی

۱) محبوب چھپ کر رقص بسمل کرتا ہے تاکہ اس کا حسن پنہاں رہے۔
۲) ظالم لوگ سوچے بغیر تلوار نکال کر خون بہانے کا ارتکاب کرتے ہیں۔
۳) محبوب کو عاشق کا مچلنا اور اس کے عشق میں اس کا قتل ہونا پسند ہے۔
۴) ظالم عاشق کے پاس اکثر تیغ خوں فشاں موجود ہوتی ہے اور رقص بسمل اسے پسند ہے۔

۷۰- ذیل کے شعر کا مرکزی خیال کیا ہے؟

دہر میں عیش دوام آئیں کی پابندی سے ہے — موج کو آزادیاں سامان شیون ہو گئیں!

۱) عیش دوام ۲) قانون کی پابندی ۳) موج کے آزادی ۴) سامان شیون

۷۱- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت موجود ہے؟

جان لیوا ہے یہ چڑھی تیوری — یہ کشش کس کمان میں آئی

۱) تشبیہ ۲) تعلی ۳) توشیح ۴) تجاہل عارفانہ

۷۲- ذیل کے شعر کو پڑھ کر، اس ضمن میں پوچھے گئے سوال کا صحیح جواب معلوم کیجیے:

عجب نادان ہیں جن کو ہے عُجب تاج سلطانی — فلک بال ہُما کو پل میں سونپے ہے مگس رانی

سوال: "بال ہما کو مگس رانی کے فریضے سونپنے" اور "عجب تاج سلطانی" میں کیا تعلق پایا جاتا ہے؟

۱) تاج سلطانی میں غرور ہوتا ہے، اس لئے مچھر کو دور کرنے کا فریضہ ہما کو سونپا جاتا ہے۔
۲) تاج سلطانی بھی عجیب چیز ہے۔ ہما کے بال کو مچھر کو سونپتا ہے۔
۳) فلک بال ہما کو پل بنا کر نادان سلطان کی سپرد کرتا ہے۔
۴) انسان کو اپنی طاقت اور اقتدار پر مغرور نہیں ہونا چاہیے۔ ہما جیسا بلند پرواز پرندہ بھی جب شکار ہوتا ہے تو اس کے پر سے پنکھا بنایا جاتا ہے۔

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۷۳- میر انیس کے مذکورہ ذیل شعر میں " سردار شباب چمن خلد بریں" اور " دوش محمد (ص) کا مکین" سے مراد کونسی شخصیت ہیں؟

میں ہوں سردار شباب چمن خلد بریں　　میں ہوں خالق کی قسم دوش محمد (ص) کا مکین

۱) حضرت ابوالفضل (ع)　　۲) امام حسین (ع)
۳) حضرت علی اکبر (ع)　　۴) حضرت علی (ع)

۷۴- ذیل کے دو اشعار میں کونسا تعلق پایا جاتا ہے؟

الف: صفحہ دہر سے باطل کو مٹایا ہم نے　　نوع انسانی کو غلامی سے چھڑایا ہم نے
ب: عطر میں ریشمی رومال کو بسایا ہم نے　　ساتھ لائے تھے مصلّی وہ بچھایا ہم نے

۱) دونوں اشعار میں، صنف گیت کے مفاہیم پائے جاتے ہیں۔
۲) دونوں کے مفاہیم ایک دوسرے سے مشابہت رکھتے ہیں۔
۳) دوسرا شعر، پہلے شعر کی پیروڈی ہے۔
۴) دونوں اشعار میں واسوخت سے متعلق مفہوم موجود ہے۔

۷۵- کونسے شعر میں "ماضی کی حسرت" جھلکتی ہے؟

۱) گرگ نے دور عدل میں اس کے　　سیکھ لی راہ و رسم چوپانی
۲) گل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی　　اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی
۳) آ رہی ہے چاہ یوسف سے صدا　　دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت
۴) ڈیرے ڈالے ہیں بگولوں نے جہاں　　اس طرف چشمہ رواں تھا پہلے

## ادبیات منثور

۷۶- اردو ادب کا کونسا مصنف اردو کے شکسپیر کے نام سے معروف ہے؟

۱) آغا حشر کاشمیری　　۲) امتیاز علی تاج　　۳) میرزا ادیب　　۴) محمد حسین آزاد

۷۷- مندرجہ ذیل ادیبوں میں سے کس کا شمار اردو نثر کی ایک مشہور صنف کے بانیوں میں ہوتا ہے؟

۱) نیاز فتحپوری　　۲) آل احمد سرور　　۳) نذیر احمد　　۴) میر تقی میر

۷۸- "نام دیوی"، "گزرا ہوا زمانہ" اور "کوکھ جلی" کے عناوین کا شمار ترتیب وار کونسی صنف نثر میں ہوتا ہے اور ان کے مصنف کون کون ہیں؟

۱) "انشائیہ نگاری" : مولوی عبدالحق　　"افسانہ" : سجاد حیدر یلدرم　　"مضمون نگاری" : رشید احمد صدیقی
۲) "خاکہ نگاری" : مولوی عبدالحق　　"مضمون نگاری" : سر سید احمد خان　　"افسانہ" : راجندر سنگھ بیدی
۳) "ناول" : پریم چند　　"انشائیہ نگاری" : محمد حسین آزاد　　"ڈرامہ" : آغا حشر کاشمیری
۴) "سوانح عمری" : شبلی نعمانی　　"افسانہ" : سجاد حیدر یلدرم　　"ناول" : کرشن چندر

۷۹- علیگڑھ میں اردو ادب کے مشہور خاکہ نگاروں میں شمار ہونے والے ادیب کی نشاندہی کیجیے۔

۱) اشفاق احمد ورک　　۲) عبدالمجید سالک　　۳) رشید احمد صدیقی　　۴) حسن نظامی

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۸۰- غالب کی خطوط نگاری کی لازمی خصوصیات کونسی بات بتائی گئی ہے؟

۱) القاب و آداب و تکلفات کا اہتمام
۲) پر تکلف خطوط نگاری
۳) سلاست سے عاری خطوط نگاری
۴) بے تکلف اظہار خیال

۸۱- ذیل کے ادیبوں میں سے کونسا غالبیات کے ماہرین میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) حمید احمد خان
۲) مرزا ہادی رسوا
۳) غلام رسول مہر
۴) الطاف حسین حالی

۸۲- کونسی تصنیف آپ بیتی ہے؟

۱) چند ہم عصر
۲) حیات جاوید
۳) یادوں کی برات
۴) آب حیات

۸۳- کونسی کتاب سر سید احمد خان کی تصنیفات میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) اردوئے معلی
۲) اسباب بغاوت ہند
۳) آثار الصنادید
۴) خطبات احمدیہ

۸۴- کونسی وصف محمد حسین آزاد کے بارے میں ہے؟

۱) علیگڑھ تحریک کے مشہور بانیوں میں شمار ہوتے ہیں۔
۲) وہ اخباروں میں کامیاب کالم نویس تھے۔
۳) وہ اردو کے ابتدائی مزاح نگاروں میں شمار ہوتے ہیں۔
۴) وہ اردو کے صاحب طرز انشاء پرداز ہیں۔

۸۵- کونسی شخصیت اردو کے نامور محققوں اور نقادوں میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) وزیر آغا
۲) سید عبداللہ
۳) حافظ محمود شیرانی
۴) مشتاق احمد یوسفی

۸۶- کونسی بات افسانے کی خصوصیات میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) افسانے میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہوتا ہے۔
۲) افسانے کے کردار خیالی زندگی اور تجربے سے مطابقت رکھتے ہیں۔
۳) افسانہ ایسی نثری تخلیق ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکے۔
۴) افسانے میں بنیادی چیز وحدت تاثر ہے۔

۸۷- ذیل کی عبارت ایک مشہور نثر نگار کی ایک تصنیف کی خصوصیات کی وضاحت کرتی ہے، مصنف اور اس کی تصنیف کا نام کیا ہے؟

"اس مضمون کو اردو میں مرقع نگاری کے اہم سنگ میل کی حیثیت حاصل ہے۔ شاید اردو نثر میں اور کہیں اس کمال سے مزاحیہ اسلوب، کردار نگاری کے لئے نہیں برتا گیا۔ اس میں اردو ادب کے پہلے ناول نگار کا جیتا جاگتا مرقع مزاحیہ اسلوب میں بہت خوبصورت انداز میں پیش ہوا ہے۔"

۱) مرزا فرحت اللہ کا مضمون: "نذیر احمد کی کہانی"
۲) کرشن چندر کا ناول "گدھے کی سرگزشت"
۳) ڈاکٹر سید عبداللہ کا مضمون: "میں اور میر"
۴) مولوی عبدالحق کا مضمون: "نام دیو"

۸۸- کونسی بات "خاکہ نگاری" کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) اختصار و جامعیت خاکہ نگاری کا بنیادی وصف ہے۔
۲) ایک خاکے میں کسی شخص کے بنیادی مزاج، اس کی افتاد طبع، انداز فکر و عمل کا ذکر کیا جاتا ہے۔
۳) ایک خاکے میں مصنف اپنی زندگی کے احوال و واقعات کو بیان کرتا ہے۔
۴) خاکے میں شخصیت کے تفصیلی حالات و واقعات کی بجائے، اس کا کوئی خاص پہلو قارئین کے سامنے لایا جاتا ہے۔

موسسه تحقیقاتی آرماد

www.isijournal.net



۸۹- کس بات کی وجہ سے ایک اچھے افسانے میں قاری پر تاثر قائم ہوتا ہے؟

۱) افسانے کا ارتقاء ۲) افسانے کا آغاز ۳) افسانے کا عروج ۴) افسانے کا منتہا

۹۰- مذکورہ ذیل ڈراما نگاروں اور ڈراموں کے سلسلے میں، کونسے ڈراما نگار کے ڈرامے کا ذکر غلط کیا گیا ہے؟ ہے؟

۱) امانت لکھنوی۔اندر سبھا ۲) واجد علی شاہ۔ رادھا کنہیا

۳) مرزا محمد ہادی رسوا۔ بازار حسن ۴) آغا حشر کاشمیری۔رستم و سہراب

۹۱- محققوں کے نزدیک کونسی صنف تنقید نگاری کی ابتدائی شکل کہلاتی ہے؟

۱) مضمون نگاری ۲) تذکرہ نگاری ۳) مقالہ نگاری ۴) مرقع نگاری

۹۲- کونسی بات تلخیص کے اصول سے مربوط نہیں؟

۱) خلاصے میں مختصر جملوں کی بجائے طویل جملے لکھنے چاہئیں۔

۲) عبارت کے مفہوم کو اچھی طرح ذہن نشیں کرنا چاہیے۔

۳) عبارت میں درج شدہ اہم نکات کو نشان زد کر لینا چاہیے۔

۴) اگر عبارت کئی پیراگراف پر مشتمل ہو تو خلاصہ ایک ہی پیرے میں لکھا جائے۔

۹۳- کونسی بات ناول آنگن کے پس منظر میں شامل ہے؟

۱) یہ ایک ثقافتی افسانہ ہے جس کے پس منظر پاکستان کے تعلیمی حالات ہیں۔

۲) یہ ایک اجتماعی ناول ہے جو قیام پاکستان کے بعد کے بعض حالات پر مبنی ہے۔

۳) یہ ایک سیاسی ناول ہے جو تحریک پاکستان سے قیام پاکستان تک کے بعض حالات پر مبنی ہے۔

۴) یہ ایک سیاسی افسانہ ہے جو قیام پاکستان کے تمام حالات موجود ہیں۔

۹۴- سفر نامہ پطرس کے بارے میں کونسی وضاحت صحیح ہے؟

۱) رشید احمد صدیقی نے پطرس بخاری کی خواہش پر ان کے سفروں کی تفصیل اس نام سے لکھی ہے۔

۲) مولوی عبدالحق کی یہ کتاب پطرس بخاری کے اسفار پر مشتمل ہے۔

۳) شبلی نعمانی کا یہ خیالی سفر نامہ ہے جس کا ہیرو پطرس ہے۔

۴) امتیاز علی تاج کے نام پطرس بخاری کے ۱۹۲۶ء کی تین طویل خطوں سے مرتب کیا گیا ہے۔

۹۵- ذیل کی عبارت کس قسم کے مصنفوں کی وضاحت کرتی ہے؟

" اس قسم کے مصنف کسی مقصد یا اصلاح کی خاطر قلم نہیں اٹھاتے۔ وہ کوئی نتیجہ اخذ کرتے اور نہ کوئی مشورہ دیتے ہیں۔ اس صنف نثر میں تفکر اور سوچ کی باریک لہریں تو ضرور ملتی ہیں، مگر متانت اور سنجیدگی سے اسے دور کا واسطہ بھی نہیں ہوتا۔"

۱) سفر نامہ نگار ۲) انشائیہ نگار ۳) سوانح نگار ۴) ڈراما نگار

۹۶- کونسی نثری تصنیف، صنف ناول میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) طوطا کہانی ۲) فسانہ آزاد ۳) ابن الوقت ۴) گئودان

۹۷- "تحیر انگیزی"، "تخیل" اور "رومان" کس صنف نثر کی خصوصیات میں شامل ہیں؟

۱) ناول ۲) داستان ۳) افسانہ ۴) مضمون

www.isijournal.net



۹۸- اردو میں مضمون نویسی کا باقاعدہ آغاز کس نے اور کس رسالے سے کیا؟

۱) سر سید احمد خاں نے رسالہ تہذیب الاخلاق سے کیا۔
۲) سید وقار عظیم نے رسالہ نقوش سے کیا۔
۳) حسرت موہانی نے اردوئے معلّی سے کیا۔
۴) ڈاکٹر تحسین فراقی نے مباحث سے کیا۔

۹۹- مذکورہ ذیل تصانیف کا شمار کس کس صنف نثر میں ہوتا ہے اور ان کے مصنف ترتیب وار کون ہیں؟

" نظر نامہ" - " انار کلی"

۱) سوانح عمری: شبلی نعمانی - ناول: کرشن چندر
۲) انشائیہ نگاری: وزیر آغا - افسانہ: سجاد حیدر یلدرم
۳) ناول: پریم چند - ڈرامہ: آغا حشر کاشمیری
۴) سفر نامہ: محمود نظامی - ڈراما: امتیاز علی تاج

۱۰۰- کونسی بات داستان کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے؟

۱) حقیقت کی عکاسی
۲) طوالت
۳) مافوق الفطرت عناصر
۴) مبالغہ آرائی

موسسه تحقیقاتی آرمان

*تاریخ ادبیات اردو*

۱۰۱- اردو کی پہلی اور باقاعدہ نثری داستان کونسی ہے؟

۱) باغ و بہار: میر امّن
۲) سب رس: ملا وجہی
۳) نوطرز مرصع: عطا حسین خان تحسین
۴) فسانہ عجب: رجب علی بیگ سرور

۱۰۲- ذیل کی شخصیات کو اردو ادب کی کس کس صنف سخن میں اولیت کا درجہ حاصل ہے؟

" مرزا محمد رفیع سودا - پریم چند - تصدق حسین خالد"

۱) شہر آشوب - افسانہ - جدید غزل
۲) غزل - افسانہ - معرّیٰ نظم
۳) قصیدہ - افسانہ - جدید نظم
۴) ہزلیہ شاعری - ناول - واسوخت

۱۰۳- اردو زبان کی ابتدا کے بارے میں کونسی بات صحیح ہے؟

۱) اردو کی ابتدا، فقیروں کی خانقاہوں اور صوفیوں کے تکیوں میں ہوئی۔
۲) اردو کی ابتدا، دکنی بادشاہوں کے درباروں میں درباری شعراء کے توسط سے ہوئی۔
۳) اردو کی ابتدا، شمالی ہند کے مغل بادشاہوں کے درباروں میں فارسی گو درباری شعراء کے توسط سے ہوئی۔
۴) اردو کی ابتدا، ولی دکنی کے ۱۷۰۰ء کے سفر دہلی سے ہوئی۔

۱۰۴- ذیل کی شخصیات میں سے کونسی شخصیت اودھ پنچ کے مصنفوں میں شامل نہیں؟

۱) اکبر الہ آبادی
۲) منشی نولکشور
۳) رتن ناتھ سرشار
۴) منشی سجاد حسین

۱۰۵- اردو ادب کا وہ کونسا شاعر ہے جس کے ہاں عشق حقیقی و عرفان محض شاعری کا موضوع نہیں، بلکہ یہ رویہ ان کی پوری زندگی میں جاری و ساری ہے؟

۱) غالب دہلوی
۲) امیر خسرو دہلوی
۳) بیدل دہلوی
۴) خواجہ میر درد

۱۰۶- کونسے شاعر قطب شاہی دور کے اہم شعراء میں شمار ہوتے تھے؟

۱) ملا وجہی - غواصی - ابن نشاطی
۲) حسن شوقی - سید میراں شاہ - غواصی
۳) سید میراں شاہ - ملا وجہی - طبعی
۴) ولی دکنی - غواصی - حسن شوقی

www.isijournal.net



۱۰۷- کونسے مصنف فورٹ ولیم کالج کے باقاعدہ مصنفین میں شمار نہیں ہوتے تھے؟

۱) حیدر بخش حیدری - مرزا کاظم علی جوان
۲) میر شیر علی افسوس — میر بہادر علی حسینی
۳) محمد حسین عطا خاں تحسین - رجبعلی بیگ سرور
۴) نہال چند لاہوری - مرزا علی لطف —

۱۰۸- ذیل کی ادبی شخصیات میں سے کس کا شمار رومانوی ادیبوں میں نہیں ہوتا ہے؟

۱) سجاد حیدر یلدرم ۲) احمد علی ۳) نیاز فتح پوری ۴) مجنوں گورکھپوری

۱۰۹- کونسی خصوصیت ایہام گوئی کی تحریک کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) دکنی الفاظ و اصطلاحات کا استعمال
۲) سپاہیانہ الفاظ و اصطلاحات کا استعمال
۳) فارسی کے ذوالمعانی الفاظ کا استعمال
۴) ہندی کے ذوالمعانی الفاظ کا استعمال

۱۱۰- اردو زبان میں لکھا جانے والا پہلا تذکرہ کونسا ہے؟

۱) نکات الشعرا ۲) گلشن ہند ۳) گلشن بے خار ۴) آب حیات

## ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی:

۱۱۱- درج ذیل اردو فقرے کا سلیس فارسی ترجمہ کونسا ہے؟

" پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد آدھے سے زیادہ پٹرول پمپ بند رہے جس کی وجہ سے شہریوں کو طرح طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔"

۱) بعد از نبود قیمت دقیق تولیدات نفتی، بیش از نصفی از پمپ بنزین ها تعطیل شده، مردم مجبور به تحمل مشکلات شدیدی شدند۔
۲) بعد از تغییر در قیمت تولیدات نفتی، بیشتر پمپ بنزین ها تعطیل شده، مردم مجبور به تحمل مشکلات شدند۔
۳) بعد از کاهش قیمت فراورده های نفتی، بیش از نصفی از پمپ بنزین ها تعطیل شدند که به همین علت مردم با مشکلات گوناگونی روبرو شدند۔
۴) بعد از افزایش قیمت فراورده های نفتی، بیش از نصفی از پمپ بنزین ها تعطیل شد و مردم مجبور به تحمل مشکلات شدیدی شدند۔

۱۱۲- ذیل کے متن کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

"باب مکدانل فرماندار سابق ایالتِ ویرجینیای آمریکا به جرم سوءِ استفاده از مقامش و فسادِ مالی به دو سال زندان محکوم شده است"۔

۱) امریکی دارالحکومت ورجینیا کے سابق وزیر اعلی بوب میکڈونل کو اپنے عہدے سے جائز فائدہ اٹھانے اور مالی بدعنوانی کے جرم میں دو سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔
۲) امریکا کا سابق گورنر جنرل بوب میکڈونل کو مقامات سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور دیگر بدعنوانیوں کے جرم میں دو سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔
۳) امریکا کا سابق صدر بوب میکڈونل کو اپنے مقام سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور مالی بدعنوانی کے جرم میں اپنے عہدے سے برطرف کر دیا گیا ہے۔
۴) امریکی ریاست ورجینیا کے سابق گورنر بوب میکڈونل کو اپنے عہدے سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور مالی بدعنوانی کے جرم میں دو سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

۱۱۳- ذیل کے فقرے کی رو سے " تقرری" اور "کالعدم" کے الفاظ کا فارسی ترجمہ کونسا ہے؟

" صوبائی حکومت کی غیر قانونی تقرریوں کو کالعدم قرار دیا جائے۔"

۱) انتساب - معدوم ۲) انتصاب - باطل ۳) انفصال - تروریستی ۴) انفصال - تروریسم

۱۱۴- ذیل کے فقرے کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

" ڈاکٹر صاحب! خون کی جانچ کے لیے ہمیں کتنے گھنٹے بھوکا رہنا چاہیے؟"

۱) جناب دکتر! برای خون دادن چرا باید صبحانه نخوریم؟
۲) آقای دکتر! برای آزمایش خون چند ساعت باید ناشتا باشیم؟
۳) آقای دکتر! برای تزریق خون باید ناشتا باشیم؟
۴) جناب دکتر! برای آزمایش خون خود کی باید صبحانه بخوریم؟

www.isijournal.net



۱۱۵- ذیل کی عبارت کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

"میں نانبائی کے نزدیک کھڑا تھا لیکن کسی نے بھی مجھ بھوکے کے ہاتھ میں نان کا ایک ٹکڑا نہیں تھمایا۔"

۱) نزدیک نانوائی ایستاده بودم اما کسی یک لقمه نان هم به دست من گرسنه نداد.

۲) نزدیک نانوائی نشسته بودم و منتظر بودم که لقمه ای نان از او بگیرم.

۳) نزدیک نانوائی ایستاده بودم اما از فرط گرسنگی نمی توانستم لقمه ای نان بدهم.

۴) نزدیک نانوائی یک نفر دیگر هم گرسنه بود، اما نانوا یک لقمه هم نان به او نداد.

۱۱۶- کونسی بات ذیل کے اردو متن کے مختلف حصوں کے صحیح فارسی تراجم کے پیش نظر صحیح نہیں؟

"ماہرین کے مطابق برائلر مرغی کا گوشت کھانے سے انسانی صحت پر بُرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ برائلر مرغی کے گوشت، کھانے کے لئے مناسب نہیں۔ چونکہ اس میں مختلف قسم کی بیماریاں چھپی ہوئی ہیں۔ ماہرین کی تحقیق کے مطابق برائلر مرغی جراثیم سے بھرپور ہے۔ ان کے گوشت میں بیکٹیریا پایا جاتا ہے جس سے جسم پر سوزش اور جلن کے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور برائلر مرغیوں کو بڑا کرنے کے لئے خطرناک دھات اور آرسینک کا استعمال کیا جاتا ہے جو انسانی صحت کے لئے انتہائی خطرناک ہے۔"

۱) باکتری های موجود در گوشت مرغ گوشتی باعث سوزش در جسم انسان می شود.

۲) در جوجه گوشتی انواع بیماری نهفته است، برای همین برای تغذیه مناسب نیست.

۳) مرغ گوشتی مملو از میکروب هاست و در آن باکتری یافت می شود.

۴) مرغ بریان شده برای سلامت انسان بسیار مفید و مناسب تغذیه است.

۱۱۷- ذیل کے فارسی شعر کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

"رفتم که خار از پا کشم، محمل نهان شد از نظر یک لحظه غافل گشتم و صد ساله راهم دور شد"

۱) پاؤں کجاوے میں سے لٹکایا تھا کہ کاروان دور نکل گیا۔ ایک لمحے کی نیند سے، سو سال کا فاصلہ پڑا۔

۲) میں اپنا پاؤں آسانی سے نکلنا چاہا، لیکن کاروان دور نکل گیا۔ میں غفلت سے ہشیار ہوا تو کارواں سو کوس دور نکلا۔

۳) میں نے پاؤں سے کانٹا نکالنا چاہا تو اتنے میں کجاوہ نظر سے پوشیدہ ہو گیا، میں ایک لمحہ غافل ہوا اور راستہ سو سال دور ہو گیا۔

۴) کانٹے سے پاؤں نکالا تھا کہ کجاوہ نظر سے غائب ہو گیا، محبوب سے ایک لمحہ غافل ہوا اور وہ مجھ سے سو سال دور ہو گیا۔

۱۱۸- کونسی بات ذیل کے فارسی متن کے مختلف حصوں کے صحیح اردو تراجم کے پیش نظر صحیح نہیں؟

"قدرت پروردگار همان روز هنگام غروب طوفانی وزیدن گرفت. در آن هوای طوفانی یک پیرمرد خسته و ناتوان از جنگل بیرون آمد. این طرف آن طرف را نگاه کرد. چشمش به خانه بزرگ سرفراز افتاد و به سوی آن حرکت کرد. دق الباب کرد و با ناله و عجز گفت: برادر جان به این مسافر خسته جا بده. خدا به تو خیر بدهد. اما سرفراز بی رحمانه با دیدن آن پیرمرد بیچاره، ناراحت شد و او را از خانه خود بیرون کرد."

۱) بوڑھا جنگل سے نکلا تو دیکھا خدا کے لطف و کرم سے اسی دن سورج نکلتے ہی ہوا چلنے لگی۔

۲) اس طوفانی موسم میں ایک تھکا ہارا اور لاچار بوڑھا جنگل سے باہر نکلا۔

۳) بوڑھے نے سرفراز کی بڑی عمارت کا دروازہ کھٹکھٹایا اور بڑی عاجزی سے بولا مجھے اپنے گھر میں ٹکالو!

۴) سرفراز نے اس بوڑھے کو دیکھتے ہی آپے سے باہر ہو گیا اور بڑی بے دردی سے اسے اپنے گھر سے باہر نکال دیا۔

۱۱۹- ذیل کے الفاظ و محاورات میں کونسے لفظ یا محاورے کا فارسی ترجمہ غلط ہے؟

۱) افسوس سے ہاتھ ملنا : با حسرت دست ها را به هم مالیدن

۲) یتیم : پدر

۳) رام دُہائی : پناه بر خدا

۴) جُھلسا دینے والی ہوا : باد گرم و سوزان

موسسه تحقیقاتی سرآمان

www.isijournal.net



۱۲۰- ذیل کے فارسی فقروں میں سے کونسے فقرے کا اردو ترجمہ صحیح نہیں؟

۱) خب دیگر نزاع شروع شد: بس تو اب جھگڑا صاف ہے۔

۲) چہ کسی تورا آزردہ است؟: تو کس کی ستائی ہے؟

۳) خب! دیگر تمام شد و تصمیم هم گرفته شد: بس تو ہو چکا اور فیصلہ بھی ہو چکا۔

۴) علیه چه کسی به تظلم آمده ای؟: تو کس کے خلاف فریاد لائی ہے؟

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



موسسه تحقیقاتی آرمان